## ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو وہ گلگت بلتستان کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرے گی، الطاف حسین

## 62 سال سے گلگت اور بلتستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا

## سندھ کی طرح گلگت بلتستان سے بھی مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کا خاتمہ کریں گے

## شیعہ اور سنی عوام ایک دوسرے سے نفرت کرنے کے بجائے آپس میں محبت، یگانگت اور اتحاد کا جذبہ پیدا کریں

## اسکردو، گلگت اور بلتستان میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، حق پرست امیدواروں اور مختلف شخصیات سے بات چیت

لندن۔۔۔4، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ گزشتہ 62 سالوں سے گلگت اور بلتستان کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا، انشاء اللہ ملک میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو وہ ملک کے چاروں صوبوں کی طرح گلگت، بلتستان اور دیگر تمام شمالی علاقہ جات کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرے گی اور یہاں کے عوام کو انکے بنیادی حقوق فراہم کئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے گلگت بلتستان اور اسکردو میں ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن یاور جمیل، ایم کیوایم گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی، ایم کیوایم اسکردو کے انچارج نثار حسین، این اے 4 سے ایم کیوایم کے امیدوار شیخ بلال حسین، مرکزی الیکشن سیل کے رکن عمران شبیر، معروف شیعہ عالم دین شیخ غلام حیدر نجفی کے صاحبزادے محمد علی، علاقے کی سماجی شخصیت عباس موسوی اور ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی انتخابی مہم اور تنظیمی سرگرمیوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں ایم کیوایم کو آگ اور خون کے دریا عبور کرنے پڑے، اس راہ میں ہزاروں ساتھیوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر تحریک کو جلا بخشی اور حق پرست شہداء کی قربانیوں کے نتیجے میں آج ایم کیوایم کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جارہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کو ملک بھر میں پھیلنے سے روکنے کیلئے اسکے خلاف طرح طرح کے پروپیگنڈے کئے گئے اور اسے ملک دشمن جماعت ظاہر کرنے کیلئے جناح پور کے جھوٹے اور من گھڑت الزامات عائد کئے گئے تاہم ایم کیوایم پر جھوٹے الزامات عائد کرنے والے آج 17 سال بعد خود اعتراف کررہے ہیں کہ ایم کیوایم پر جناح پور کا الزام سراسر جھوٹ اور ڈرامہ تھا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 62 سال سے گلگت اور بلتستان کے عوام کو انکے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا، ایم کیوایم طویل عرصہ سے گلگت بلتستان کے عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھارہی تھی۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ آج گلگت بلتستان کو انتظامی یونٹ کا درجہ دیا جاچکا ہے اور یہاں کے عوام کے حقوق بھی تسلیم کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو وہ ملک کے چاروں صوبوں کی طرح گلگت، بلتستان اور دیگر تمام شمالی علاقہ جات کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرے گی اور یہاں کے عوام کو انکے بنیادی حقوق فراہم کئے جائینگے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ فرقہ واریت کے باعث گلگت بلتستان میں بھی عوام میں تفریق کی جارہی ہے جبکہ شیعہ اور سنی دونوں نہ صرف مسلمان ہیں بلکہ آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیعہ اور سنی سب نے مل کر پاکستان بنایا تھا لہٰذا شیعہ اور سنی عوام نفرت کے بجائے آپس میں محبت، یگانگت اور اتحاد کا جذبہ پیدا کریں کیونکہ دین اسلام نفرت کا درس نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور احترام انسانیت پر یقین رکھتی ہے اور انشاء اللہ ایم کیوایم کراچی، حیدرآباد اور صوبہ سندھ کے دیگر شہروں کی طرح گلگت بلتستان سے بھی مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کا خاتمہ کریگی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سچے نظریہ کی کوئی سرحد یا جغرافیائی حدود نہیں ہوتی اور نہ ہی کوئی نظریہ سرحدوں یا جغرافیائی حدود کا پابند ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ آج ایم کیوایم کا حق پرستانہ نظریہ اور پیغام گلگت اور بلتستان میں بھی پھیل گیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم درس وتبلیغ کے ذریعہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے اور انشاء اللہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم اور محروم عوام کے اتحاد سے پاکستان کی سلامتی وبقاء کو یقینی بنا کر ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ حق وصداقت کی راہ پر چلنے والوں کا امتحان لیتا ہے اور انہیں آزمائشوں میں مبتلا کرتا ہے لیکن جو لوگ حق پرستی کی جدوجہد میں تمام تر آزمائشوں کا سامنا کرتے ہیں، صبر وبرداشت کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھتے ہیں اور ثابت قدم رہتے ہیں بالآخر فتح حق پرستوں کا مقدر ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے گلگت بلتستان کے ذمہ داروں سے کہا کہ آپ اپنی بساط کے مطابق حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھیں اور حق پرستی کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں سے ہرگز مایوس نہ ہوں انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ حق پرستوں کی غیب سے مدد فرمائے گا۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کا پیغام پھیلانے اور انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں دن رات محنت کرنے پر ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## گلگت بلتستان اسمبلی کی 20 نشستوں پر حق پرست امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے

## مختلف علاقوں میں حق پرست امیدواروں کی کارنر میٹنگز اور ریلیوں کا انعقاد، متحدہ کے پرچم ہر طرف لہرانے لگے

## متحدہ قومی موومنٹ نے سیاچن کے دامن میں واقع انتخابی حلقے گھانچی میں اپنا مرکزی سیکریٹریٹ بھی قائم کردیا

گلگت:۔۔۔۔04 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حصہ لینے کیلئے 20 سے زائد نشستوں پر اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے ہیں جبکہ حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم پورے جوش وجذبے کے ساتھ جاری ہے۔ ہفتے کے روز حق پرست امیدواروں محمد اسماعیل اور محمد نسیم نے حلقہ جی بی ایل اے۔22 گھانچی 1 کیلئے اپنے کاغذات نامزدگی سینکڑوں حامیوں کے ہمراہ جمع کرائے جبکہ حلقہ جی بی ایل اے۔23 گھانچی 2 کیلئے حق پرست امیدوار عابد حسین، زہیر احمد خان اور سید نذر عباس نے بھی اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے۔ گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم گزشتہ کئی روز سے جاری ہے اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کی کارنر میٹنگز، انتخابی ریلیوں کے انعقاد اور انتخابی دفاتر کے قیام کا سلسلہ جاری ہے جبکہ انتخابات کے سلسلے میں جاری عوامی رابطہ مہم کے دوران گلگت بلتستان کے عوام سے بڑے پیمانے پر رابطے کئے جارہے ہیں اور عوام بہت بڑی تعداد میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کی کارنر میٹنگز اور ریلیوں میں شرکت کررہے ہیں۔ گلگت بلتستان میں ہر طرف متحدہ کے پرچم لہرانے لگے ہیں جبکہ ایم کیو ایم نے حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم بھرپور انداز میں چلانے کیلئے سیاچن کے دامن میں واقع انتخابی حلقے گھانچی میں اپنا مرکزی سیکریٹریٹ بھی قائم کردیا ہے۔

## پاکستانیوں کی رہائی مخلوط حکومت کے ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## منشیات کے جعلی کیس سے رہائی پانے والے بے گناہ پاکستانیوں کو دوسری زندگی ملنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں

## پی اے ایف فیصل بیس کراچی پہنچنے پر ڈاکٹر فاروق ستار نے وزیراعلیٰ سندھ اور صوبائی وزراء کے ہمراہ استقبال کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

سعودی عرب میں منشیات اسمگلنگ کے جعلی کیس میں گرفتاری کے بعد رہائی پانے والے بے گناہ پاکستانی خاندان کے افراد رابعہ، زہرہ، انیس، عارف اور شمائلہ ہفتہ کی شب اسلام آباد سے پی اے ایف فیصل بیس کراچی پہنچے تو متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزراء اور مشیروں کے ہمراہ ان کا استقبال کیا اور انہیں وطن واپسی پر مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ میں بے گناہ پاکستانیوں کی وطن واپسی اور انہیں دوسری زندگی ملنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ نئی زندگی ان کیلئے ایک بڑا تحفہ ہے اور زندگی سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ان پاکستانیوں کی رہائی مخلوط حکومت کے ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، ہم سب نے مل کر کوششیں کیں تو اللہ نے آج ہمیں یہ دن دکھایا، ہم نے یہ کامیاب کوششیں کرکے کسی پر احسان نہیں کیا بلکہ اپنا انسانی، اخلاقی اور مذہبی فریضہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے سعودی حکومت، متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین، صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور ایم کیو ایم کے حق پرست وزراء کے کردار کا بھی خصوصی طور پر ذکر کیا اور کہا کہ پاکستانی خاندان کی رہائی میں ان تمام لوگوں کی پرخلوص کوششیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ہمارا یہ بھی فرض ہے کہ مستقبل میں اس قسم کے واقعات کا تدارک کیا جائے اور ایسی سرگرمیوں میں ملوث کالی بھیڑوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ وطن واپس آنے والے خاندان کے افراد فیصل بیس سے عزیز آباد اور کورنگی میں واقع اپنے گھر پہنچے تو متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلروں، متحدہ قومی موومنٹ کے متعلقہ سیکٹر و یونٹس کے ذمے داران و کارکنان، رہائی پانے والے خاندان کے عزیز واقارب، دوستوں، ان علاقوں کے مکینوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔

## ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے بزرگ کارکن صابر علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔04 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کے بزرگ کارکن صابر علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔04اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن صابر علی اور ایم کیوایم بدین زون کے کارکن محمد حسین میمن کے والد علی غلام کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## محبان پاکستان خلیجی ممالک کے وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔04 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ان کی وزارت تارکین وطن کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور پاکستانیوں کے مسائل کو حل کرنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر محبان پاکستان اوورسیز(مڈل ایسٹ) کے کوآرڈینیٹر شمشاد علی صدیقی کی قیادت میں خلیجی ممالک سے آئے ہوئے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔خلیجی ممالک سے آئے ہوئے محبان پاکستان کے ذمہ داران کے وفد میں امتیاز احمد طاہر،ڈاکٹر محمد نعیم،راشد علی خان،،عتیق الرحمان،،محمد عاقل،سینئر رکن سینٹرل کمیٹی سعودی عرب کفیل صدیقی کے علاوہ سید اطہر قاسم،عمران عثمان شامل تھے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی،رابطہ کمیٹی رکن کنور خالد،ڈاکٹر نصرت اور کیف الوریٰ بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے بیرون ملک پاکستانیوں کو درپیش مسائل سے فاروق ستار کو آگاہ کیا اور محبان پاکستان کی مختلف خلیجی ممالک میں کارکردگی کے بارے میں بھی بتایا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے اور ڈپٹی کنوینر رابطہ کمیٹی انیس قائم خانی نے محبان پاکستان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تمام ساتھیوں کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔

## کراچی سے گلگت بلتستان تک مظلوم عوام قائد تحریک الطاف حسین کو اپنا نجات دھندہ تصور کرتے ہیں،کشور زہرا،فوزیہ اعجاز

کراچی۔۔۔04 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی ذمہ داران اور ارکان قومی اسمبلی کشور زہرہ،فوزیہ اعجاز نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا جڑ سے خاتمہ اور ملک میں غریب عوام کی حکمرانی قائم کرنا ہے،قائد تحریک جناب الطاف حسین 98 فیصد مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن ہیں اور کراچی سے گلگت بلتستان تک مظلوم عوام الطاف حسین کو اپنا نجات دھندہ تصور کرتے ہوئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز شعبہ خواتین کی عید ملن پارٹی کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور رابعہ جمال نے جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت مہر انساء نے حاصل کی اور نظامت کے فرائض خالدہ اطیب نے انجام دیئے۔تقریب کی مہمان خصوصی نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن کلیم شہید کی بہن نفیس فاطمہ تھی۔اس موقع پر شعبہ خواتین کی ذمہ داران،کارکنان بھی موجود تھیں۔اپنے خطاب میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں خواتین نے بڑی قربانیاں دی اور ہر مشکل دور میں شعبہ خواتین کی کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ رہ کر کام کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی سے گلگت بلتستان تک مظلوم ومحکوم عوام قائد تحریک الطاف حسین کو اپنا نجات دھندہ تصور کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے

ہمیشہ خواتین کے حقوق کیلئے آواز بلند کی اور معاشرے میں انہیں جائز مقام دلایا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے نوجوانوں اورخواتین کواسمبلیوں میں بھیج کرفرسودہ نظام میں داڑرڑال دی ہے اورملک کے ایوانوں میں ہلچل پیدا کردی ہے۔آخر میں شعبہ خواتین کی جانب سے مہمان خصوصی نفیس فاطمہ کوتحائف اورشرکاء میں شیرنی بھی تقسیم کی گئی۔

## خیرپور میں دوا یکڑ زمین کے عیوض معصوم بچی کا نکاح سترسالہ بوڑھے غیرقانونی،غیرانسانی اورغیراسلامی فعل ہے،ہیراسماعیل سوہو

کراچی۔۔۔04 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیراسماعیل سوہونے خیرپور میں دوا یکڑ زرعی زمین کے تنازعے پر10 سالہ بچی کا نکاح زبردستی70 سالہ بوڑھے سے کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس عمل کوغیرقانونی،غیرانسانی اورغیراسلامی فعل قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ نابالغ بچی سے زبردستی شادی کا نوٹس لیا جائے۔ایک بیان میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی نے کہا کہ سندھ میں بااثرافراد کی جانب سے غریب ہاریوں اوران کے اہل خانہ کوظلم وستم کا نشانہ بنانے کے واقعات اورمعصوم بچیوں کی بے جوڑشادیوں میں تیزی سے اضافہ ہورہاہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کا بڑااحترام ہے اورنکاح پررضامندی ضروری ہے جبکہ قانون میں لڑکی کا بالغ ہونالازمی ہے۔انہوں نے کہا کہ خیرپور کے واقعہ میں دوا یکڑ زرعی زمین کے عیوض10 سالہ نابالغ معصوم بچی کا نکاح زبردستی سترسالہ بوڑھے سے کردیا گیا جوقابل مذمت ہے اور ملک بھر کے غیورعوام خصوصاً خواتین کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ہیراسماعیل سوہونے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ خیرپور میں10 سالہ نابالغ بچی کے سترسالہ بوڑھے سے زبردستی نکاح کا نوٹس لیاجائے اوراس غیرقانونی،غیرانسانی اورغیراسلامی فعل میں ملوث عناصرکوگرفتارکرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

## معاشرے کی اصلاح میں اساتذہ کرام کا کردارادامثبت ہے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔4اکتوبر2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وارا کینِ مرکزی کابینہ نے کہاہے کہ کسی بھی معاشرے کی اصلاح میں اساتذہ کرام اہم کردارادا کرتے ہیں اور،طلبہ وطالبات کی بہتر انداز میں تربیت کررہے ہیں۔انہوں نے یہ بات اساتذہ کرام کے عالمی دن کے موقع پراپنے پیغام میں کہی۔اس موقع پرانہوں نے پاکستان اوردنیا بھر کے اساتذہ کرام کوعالمی دن کی مبارکباد پیش کی ہے۔مرکزی کمیٹی کے اراکینِ نے کہا کہ اساتذہ طلباء وطالبات کوعلم سے روشناس کرانے کا بہترین ذریعہ ہوتے ہیں جس سے نوجوان طلباء وطالبات ملک کی تعمیر وترقی میں اپناہرممکن کردارادا کرتے ہیں اوراساتذہ کرام کی تعلیمات طلباء وطالبات کومعاشرتی برائیوں سے نجات دلانے کا اہم ذریعہ بھی ثابت ہوتی ہیں۔انہوں نے طلبہ وطالبات پرزوردیا کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اورانکےفکروفلسفے کے مطابق اساتذہ کرام کومعاشرے میں اعلیٰ مقام دلوانے کیلئے عملی جدوجہدکریں تاکہ معاشرے سے جاہلت کا خاتمہ ہوسکے اورتعلیمی اداروں میں تعلیم کوعام کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے بانی قائدتحریک جناب الطاف حسین کا ویژن ہے کہ تعلیم کے دروازے ہر طبقے فکر سے تعلق رکھنے والےعوام پرکھول دیئے جائیں اورملک سے دہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ کرکے یکساں نظام اجاگرکیاجائے۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ کرام کا درجہ ماں باپ کے برابر ہے اورنوجوان طلباء وطالبات کوچاہئے کہ وہ اساتذہ کرام کا احترام کریں۔

☆☆☆☆☆